© rasailojaraid.com



ہمیں امید ہے جس طرح نکلسن کے ترجمہ اسرار خودی نے مغرب کو اقبال کے افکار سے روشناس کرایا ہے اسی طرح یہ کتاب بھی اقبال کے نظریات کی نشر و اشاعت کا ایک مؤثر ذریعہ ہو گی۔

کتاب کے شروع میں فاضل مترجم نے تعلیمات اقبال پر ایک مبسوط مقدمہ بھی تحریر فرما دیا ہے۔ کتاب کا معیار طباعت عمدہ ہے۔

**گھریلو جھگڑے** | جناب ابن فرید صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ بتول اچھرہ، لاہور۔ صفحات ۱۷۶ قیمت ۲ روپے ۳۷ پیسے۔

گھر معاشرے کی بنیادی اکائی ہے۔ اس کا استحکام معاشرے کا استحکام ہے اور اس کے بگاڑ سے پورے معاشرے کے اندر بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ اسلام نے عائلی زندگی کو کشاکش اور غم و غصہ سے پاک رکھنے کے لیے نہایت ہی پاکیزہ اصول عطا فرمائے ہیں۔ ابن فرید صاحب نے انہیں اصولوں کی روشنی میں انسانی نفسیات کو پیش نظر رکھتے ہوئے گھر کی فضا کو پرسکون بنانے کے لیے چند مؤثر تجویزیں بتائی ہیں۔ اُن کا اندازِ بیان بڑا دلچسپ، آسان اور حکیمانہ ہے۔

**ہم کیسے رہیں** | جناب ابن فرید صاحب۔ شائع کردہ ادارہ بتول، اچھرہ۔ لاہور، صفحات ۱۸۱ قیمت دو روپے۔

یہ کتاب بھی "گھریلو جھگڑے" کے سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس میں عورت کو اپنی گھریلو ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا ہے۔ اور اسے یہ بتایا گیا ہے کہ کامیاب زندگی گزارنے کے لیے اسے اپنی کس انداز سے تربیت کرنی چاہیے۔ ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

"کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ آپ کے مزاج میں بردباری اور سنجیدگی ہے لیکن شوہر بہت ہی گرم مزاج اور جذباتی ہے۔ ذرا ذرا سی بات پر بگڑ جانا یا ناراض ہو جانا اس کی عادت ہے۔ یہ عادت ظاہر ہے کہ کسی کے لیے بھی نفع بخش نہیں، لیکن آپ کیا کریں کہ آپ کو اس سے سابقہ پڑ ہی گیا ہے۔ آپ کو اس سے نمٹنا ہے۔ یہ موقع بھی درگزر اور خوشگواری کا لحاظ کرنے کا ہے۔ آپ یہ فیصلہ کر لیجیے کہ ایسے موقعوں پر آپ ان کو معاف کر دیا کریں گی

© rasailojaraid.com